© rasailojaraid.com



ماحول میں ایک ایسا شخص بھی زندگی کرر ہا تھا جس کے علم وفقر کی ہیبت سے زمانے کے انداز اور دلوں کی دنیائیں بدل جایا کرتی تھیں۔

ضخامت: ۳۲ صفحات، کتابت طباعت: اعلیٰ قیمت: درج نہیں اور ناشر ادارہ: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، نوشہرہ (صوبہ سرحد) ہے۔ (تبصرہ نگار: ذ۔بخاری)

**الفرید (سہ ماہی مجلّہ)**: دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی صوبہ سرحد کا ترجمان ہے۔ مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ کی سرپرستی اور مولانا حسین احمد صدیقی کی ادارت میں شائع ہوتا ہے اس وقت جلد ۲ کا شمارہ ۳ ہمارے پیش نظر ہے۔ ایک مکمل علمی و دینی سہ ماہی مجلّہ ہے دینی مسائل سے لے کر عصری مسائل تک بہت سے عنوانات پر وقیع علمی مضامین اس میں شامل ہیں۔ اسلام کے خلاف مغرب کے مہلک ہتھیار، قاضی فضل اللہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کا تعارف، استاد خالد محمود، مغربی استعمار کی تہذیبی یلغار، مولانا فضل علی حقانی، امام اعظم ابوحنیفہ اور اہل حدیث حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ، اور دیگر تحقیقی مضامین کا حسین مرقع ہے۔

زرتعاون سالانہ: ۸۰ روپے ہے، بیرونِ ملک کے لئے ۱۰ ڈالر سالانہ ہیں۔ درج ذیل پتہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

دارالعلوم صدیقیہ، زروبی ضلع صوابی صوبہ سرحد (تبصرہ: خادم حسین)

**محاصرۂ قادیانیت** محمد طاہر عبدالرزاق فی الواقع جراحِ قادیانیت ہیں۔ تاریخ تحفظِ ختم نبوت سیریز کی یہ چھٹی کتاب ہے۔ وہ رد قادیانیت پر اب تک دو درجن سے زائد کتابیں لکھ چکے ہیں جو یقیناً ان کی نجات کیلئے کافی ہیں اور توشۂ آخرت ہیں۔

زیر مطالعہ کتاب میں مرتب موصوف کی تحریر کے علاوہ ۳۲ تحریریں شامل ہیں۔ ان میں قادیانیوں کے اپنے لٹریچر سے بھی ان کی بد حواسیاں اور بدتمیزیاں جمع کی گئی ہیں اور جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے قادیانیت سے تائب ہو کر اسلام قبول کرنے کی توفیق بخشی ہے ان کے تاثرات اور تجزیئے بھی شامل ہیں۔ زیڈ اے سلیری مرحوم (سابق قادیانی) کا مضمون اور سابق وزیر اعظم کی قومی اسمبلی میں وہ تقریر جب قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا تھا اہم ترین تحریریں ہیں۔ ۲۰۲ صفحات پر پھیلی ہوئی یہ کتاب اسمِ بامسمّٰی ہے اور قادیانیت کا ہمہ جہتی محاصرہ کیا گیا ہے۔

قیمت: ۹۰ روپے ہے اور یہ کتاب درج ذیل پتے سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ دارالکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور (تبصرہ نگار: خادم حسین)

**جہادِ ختم نبوت کے جاں نثار** قادیانیت کے آپریشن سیریز کی یہ بارہویں کتاب ہے اور حسب سابق مجاہد ختم نبوت محمد طاہر عبدالرزاق کا قلم پوری آب و تاب کے ساتھ قادیانیت کے جسدِ پلید کو چرکے اور کچوکے لگاتا ہوا رواں دواں ہے۔ محاسبہ قادیانیت کے شہ سواروں اور خادموں کے بکھرے ہوئے واقعات ایمان پرور اور جہد آفریں تحریریوں کو تسبیح میں پرو دیا ہے۔ علماء، خطباء، ادباء، شعراء، مناظر دیوانے اور پروانے جنہوں نے اپنے عہد میں عقیدۂ ختم نبوت کی آبیاری کی اور اس کے دفاع میں جاں نثاری کو فخر سمجھا ان کے مختصر کارنامے اس کتاب کی زینت ہیں۔

موتیوں کو جمع کر کے انگشتری میں جڑنا جان جوکھوں کا کام ہے اور بھائی طاہر عبدالرزاق نے یہ کام کر دکھایا ہے۔ بہت ہی دلچسپ اور معلومات افزاء کتاب ہے۔ صفحات: ۲۰۴ ہیں اور قیمت ۹۰ روپے، دارالکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور سے دستیاب ہے۔ (تبصرہ نگار: خادم حسین)

☆

© rasailojaraid.com